20 اپریل 2012ء

اسٹیٹ بینک نے وسیلہ مائیکروفنانس بینک کو پورے ملک میں کاروبار شروع کرنے کی اجازت دے دی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے وسیلہ مائیکروفنانس بینک کو پورے ملک میں مائیکروفنانس بینک کے طور پر کاروبار شروع کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

وسیلہ مائیکروفنانس بینک، جو میسرز اوراسکام ٹیلی کام ہولڈنگز (او ٹی ایچ) مصر کا ذیلی ادارہ ہے، ملک گیر سطح پر کام کرنے والا ساتواں مائیکروفنانس بینک بن گیا ہے جبکہ دو مائیکروفنانس بینک ضلعی سطح پر کام کر رہے ہیں۔

وسیلہ مائیکروفنانس بینک کے کاروبار کے آغاز سے مائیکروفنانس سیکٹر کے اندر مائیکروفنانس بینکوں کے مارکیٹ کے حصے میں نمایاں اضافہ ہوگا۔اس سے ملک کے دیہی اور دور دراز علاقوں میں مالی خدمات کی فراہمی بھی بڑھے گی۔

ملک میں سرگرم دیگر مائیکروفنانس بینکوں میں خوشحالی بینک لمیٹڈ، فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک عمان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، کشف مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ اور روزگار مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ شامل ہیں۔

☆☆☆